PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " صحت کی نگہداشت"

## " دانتوں کی صفائی"


## ہر 5 میں سے 1 پاکستانی (19%) گزشتہ کل اپنے دانت برش نہ کرنے کا دعوی کرتے ہیں: گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 02 اپریل، 2018

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 1 پاکستانی (19%) گزشتہ کل اپنے دانت برش نہ کرنے کا دعوی کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **"کیا آپ نے گزشتہ کل دانت برش/صاف کیے تھے؟"**، اس سوال کے جواب میں 76% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُنھوں نے گزشتہ کل دانت برش کیے تھے، جبکہ 19% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" انھوں نے گزشتہ کل دانت برش نہیں کیے تھے، تاہم 5% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"کیا آپ نے گزشتہ کل دانت برش/صاف کیے تھے؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

دانتوں کی صفائی کا مجموعی طور پر ایک صحت مند طرز زندگی سے گہرا تعلق ہے۔ صحت کے ماہرین دن میں کم از کم ایک مرتبہ دانتوں کی صفائی کو نہایت ضروری سمجھتے ہیں۔ اس مطالعے کے نتائج سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ ہر 5 پاکستانیوں میں تقریبا 1 پاکستانی دانتوں کی صفائی کے حوالے سے خطرات کا شکار ہے جوکہ خصوصی طور پر صحت کے دیگر مسائل کی وجہ بن رہے ہیں جوکہ دانتوں کی خراب صورتحال کے باعث پیش آتے ہیں۔ مزید اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ 2015 میں پنجاب بھر میں 16,826 افراد کے لیے صرف ایک ڈاکٹر تھا، دانتوں کی حفاظت کے طریقہ کار (مثال کے طور پر دانتوں کی صفائی وغیرہ) کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔

اس سروے کے نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ مستقبل میں ہونے والے صحت کے مسائل کو روکنے کے لئے رویوں میں تبدیلی کے پروگراموں کی ضرورت ہے۔ ایسا کرنے کے لئے دانتوں کی صفائی کی خراب صورتحال کی وجوہات اور اہم عناصر کے حوالے سے آگاہی کے لیے مزید تفصیلی مطالعہ کی ضرورت ہوگی۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1654 مرد و خواتین سے 05 فروری تا 09 فروری 2018 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, April 02 2018**

*(2 Pages, Urdu version Only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2018

celebrating 38 years of Gallup Pakistan (1980-2018)